سوال

(104) کتاب العقائد

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

درج ذیل سوالات کے جوابات درکار ہیں : یہ سوالات ایک کمیونسٹ ملک چین کے ایک غیر مسلم شہری نے کیے ہیں :

1۔ خداکہاں سے آیا؟ 2۔ خداہماری دنیامیں کیوں آیا؟

3۔ خداکیسے دیکھتا ہے ؟ 4۔ اگر خداکی مرضی کے بغیر کچھ نہیں ہوتا توجنگیں کیوں ہوتی ہیں ؟

5۔ کیاوہ لوگوں کومرتادیکھنا پسند کرتاہے ؟ 6۔ خدانے یہ دنیاکیسے تخلیق کی اوراس کی تخلیق میں کتنے مراحل طے کیے ؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

1۔ اللہ تعالیٰ کومخلوق وحادث سمجھ کریہ سوال کیاگیاہے حالانکہ اللہ تعالیٰ نہ حادث ہے نہ مخلوق ۔ وہ توفاطرالسماوات والارض اورخالق کل شیء ہے اس لیے یہ سوال بنتا ہی نہیں ۔

2۔ کیوں آیا؟ سے مرادکوواضح کیاجائے پھرجواب لکھاجائے گاان شاء اللہ تعالیٰ ۔

3۔ دیکھنے والی چیزوں کاخالق نہ دیکھتاہویہ محال ہے اس لیے اللہ تعالیٰ کادیکھناثابت ہے ۔ کیفیت کاعلم نہیں ۔ کسی وصف کی کیفیت کاعلم نہ ہونے سے اس وصف کی نفی لازم نہیں آتی ۔ کیسے دیکھنے ؟ سوال سے پتہ چلتا ہے سائل اللہ تعالیٰ کے دیکھنے کوتسلیم کرتا ہے ۔

4۔ سائل نے سمجھ لیاہے کہ جنگیں اللہ تعالیٰ کے ارادہ ومشیت کے بغیرہوتی ہیں سائل کا یہ سمجھناخطاہے جنگیں بھی اللہ تعالیٰ کے ارادہ ومشیت سے ہوتی ہیں لہٰذا یہ سوال بھی نہیں بنتا۔

5۔ پسند سے کیامرادہے رضایاارادہ مشیت ؟

6۔ سائل نے اللہ تعالیٰ کے موجودہونے نیزاس کے دنیاکے خالق ہونے کوتسلیم کرلیاہے ورنہ یہ سوال بنتاہی نہیں ۔ واللہ اعلم

جلد 09 ص